3578- عورت کا انزال تک شہوت انگیزی کرنا

سوال

اگر عورت اپنے جنسی جذبات کو اتنا انگیخت کرے کہ انزال بھی ہو جائے تو کیا یہ فعل اسے جماع کی طرح جنبی کر دیگا ؟

پسندیدہ جواب

اگر عورت شہوت انگیزی کرے حتی کہ
انزال ہو جائے تو اس پر غسل واجب ہو جاتا ہے، اور اس طرح وہ جنبی شمار ہو گی، کیونکہ
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"پانی پانی سے ہے"

صحیح مسلم حدیث نمبر (151).

یعنی منی کے انزال سے غسل واجب ہوتا
ہے.

لیکن یہ فعل عورت کا یا مرد کا
جنسی جذبات انگیخت کرنا حتی کہ انزال ہو جائے اسے مشت زنی کہتے ہیں، یہ مرد اور
عورت دونوں کے لیے حرام عمل ہے، اس میں دونوں کا کوئی فرق نہیں.

مزید تفصیل اور دلائل معلوم کرنے کے
لیے آپ سوال نمبر (329) کے جواب کا
مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم.